# سفر اور مختلف علاقوں وکمیونٹیز میں رہائش کے تجربے اور لرننگ پر مبنی ملکی سطح کا

## ڈیویلپمنٹ اسٹڈیز کورس

منجانب انسٹیٹیوٹ فار ڈویلپمنٹ اسٹڈیز اینڈ پریکٹسز (آئی ڈی ایس پی)

**“Learning From People"**

کا باقاعدہ اعلان برائے سال 2018-19

آئی ڈی ایس پی پچھلے بیس سال سے ملکی سطح پر نوجوانوں کی تنقیدی شعور کی بیداری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کے لئے مصروف عمل ہے۔ آئی ڈی ایس پی علم و عمل کے امتزاج پر مبنی لرننگ کورسسز کے ذریعے اب تک ملکی سطح پر 7000 سے زیادہ نوجوانوں کی تربیت سازی کر چکا ہے جو اس وقت مختلف شعبہ ہائے زندگی میں پیشہ ورانہ اور قائدانہ کردار ادا کر رہے ہیں۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے آئی ڈی ایس پی ڈیویلپمنٹ اسٹڈیز کورس برائے سال 2018-19 کا انعقاد کرنے جا رہا ہے جس میں پورے ملک سے بیس نوجوانوں کو منتخب کیا جائے گا۔ اس کورس میں نوجوانوں کو پہلےتھیوریٹکل فیز میں بلوچستان، سندھ اور پنجاب جبکہ دوسرے فیز میں خیبر پشتونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں کا مطالعاتی دورہ کرایا جائے گا۔ کورس کے تھیوریٹکل فیزز نہ صرف سفر پر مبنی ہے بلکہ کورس فیکلٹی و منتخب شدہ لرنرز مختلف کمیونٹیز میں مختصر دورانیے کے لئے رہائش بھی اختیار کریں گے جہاں آئی ڈی ایس پی کورس کے تھیمز جو کہ نیچھے درج ہے کی روشنی میں عام لوگوں، خواتین، کسانوں سول سوسائٹی، حکومتی اداروں و اہلکاروں، دانشوروں، محقیقین، ادیبوں، سیاسی و سماجی سطح پر سرگرم عمل راہنما ؤں، کاروباری حضرات وغیرہ کے ساتھ بحث مباحثے کئے جائیں گے تاکہ ترقی سے متعلق عوامی تصورات کو مدنظر رکھ کر درپیش سیاسی، سماجی و معاشی چیلنجز کا تنقیدی جائزہ لے سکے اور اس سے اخذ کردہ نتائج کو ان مسائل کے حل کےلئے بروئے کا لایا جائے۔

علاوہ ازیں بلوچستان، سندھ، پنجاب، خیبر پشتونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختلف علاقوں سے گزرتے ہوئے وہاں کے تعلیمی، تاریخی و ثقافتی اور سیاحتی مراکز و مقامات کے وزٹ کرنا بھی کورس کا اہم جز ہے۔

**کورس کے مقاصد:**

1- ڈویلپمنٹ کے نظریات، پریکٹسز، تصورات، ساخت، اداروں، حکمت عملی اور سیاست و افادیت کا علاقائی، خطعی و عالمی سطح پر تنقیدی جائزہ لینا اور عوامی سطح پر ڈائیلاگ کو فروغ دینا تاکہ لوگ ترقی کے نام پر ہونے والے استحصال کو سمجھ کر اپنے علاقائی تناظر میں ترقی کی اپنی تعریف، معیارات و عملی شکل وضع کر سکیں۔

2- مختلف کمیو نٹیز کے ساتھ ڈائیلاگ و اشتراک عمل کے زریعے ایسے متبادل پریکٹسز کی نشاندہی اور اقدامات عمل میں لانا مقصود ہے جو پائیدار ترقی، سماجی انصاف اور پرامن و خوشحال معاشرے کے قیام کے لئے راہ ہموار کر سکے۔

**چند چیدہ چیدہ تفصیلات:**

* کمیونٹی ہمارا کلاس روم ہو گا۔
* کورس کے تھیوریٹکل فیزز سفر پر مبنی ہوں گے۔
* بلوچستان، سندھ، پنجاب، خیبر پشتونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے مختلف کمیونٹیز میں رہائش اختیار کیا جائے گا۔
* شخصی خود مختاری سیکھنے کے لئے کمیونٹیز میں اپنے ہاتھوں سے مشقت کر کے خود کمانے اور کھانے کے اصول کے تحت کام بھی کیا جائے گا۔
* کمیونٹیز میں لوگوں کے ساتھ بحث مباحثے، علمی و تجزیاتی سیشنز و ڈسکورسز کا انعقاد ہو گا۔
* مختلف علاقوں میں تعلیمی، تاریخی و ثقافتی اور سیاحتی مراکز و مقامات کے وزٹ ہوں گے۔

**نوٹ:**

* کورس کا دورانیہ چھ مہینوں پر مشتمل ہو گا۔

* علم و عمل کے متلاشی، مختلف کمیونٹیز میں رہنے کے لئے آمادہ، ملکی سطح کے اسٹڈی ٹور کے دوران سفر و مہم جوئی کے شوقین اور سماجی تبدیلی کا کوئی منفرد آئیڈیا رکھنے والے خواتین و حضرات جنکی عمر 20 سے 35 سال کے درمیان ہو اور لکھنا پڑھنا جانتے ہو اس کورس کے اہل ہوں گے۔(فارمل ایجوکیشن کی کوءی قید نہیں اور ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے افراد درخواست جمع کرسکتے ہے)
کورس فیس: 3000 اس کے علاوہ کھانے پینے کے اخراجات ہر کسی کو خود برداشت کرنے ہوں گے۔
ٹوٹل سیٹس کی تعداد: 20

**کورس کے چیدہ چیدہ موضوعات:**

۱: جان و جہاں شناسی
۲: سماجی و طبقاتی عدم مساوات اور صنفی تفریق
۳: تعلیمی و تنقیدی طرز تدریس
۴: مقامی معیشت پر عالمگیریت کے اثرات
۵: سماجی تبدیلی کے تحریکوں کا تاریخی جائزہ
٦: عوامی رائے سازی میں میڈیا کا کردار
٧: ماحولیات کو درپیش چیلنجز اور متبادل زرائع کا فروغ

**کورس شیڈول**

| نمبر شمار | سرگرمی | دورنیہ |
|---|---|---|
| 01 | کورس کا اعلان | 10 اکتوبر 2018 |
| 02 | درخواستیں جمع کرنے کا دورانیہ | 10 اکتوبر سے 10 نومبر 2018 |
| 03 | ٹیسٹ و انٹرویو برائے لرنرز سلیکشن | 11 نومبر سے 10 دسمبر 2018 |
| 04 | افتتاحی سمینار | 11 دسمبر سے 15 دسمبر 2018 |
| 05 | تعارفی و بنیادی شیشنز برائے کورس | 16دسمبر سے 31 دسمبر 2018 |
| 06 | پہلا اسٹڈی ٹور جس میں بلوچستان، سندھ اورپنجاب کا دورہ کیا جائے گا | 01 جنوری سے 31 جنوری 2019 |
| 07 | ریفلیکشن (پہلے اسٹڈی ٹور کا جائزہ) | 01 فروری سے 15 فروری 2019 |
| 08 | اسائنمنٹ برائے کمیونٹی پریکٹس (جو ہر لرنر اپنے علاقے میں منعقد کرے گا) | 16فروری سے 15 مارچ 2019 |
| 09 | کمیونٹی اسائنمنٹس کے نتائج کا جائزہ | 16 مارچ سے 20 مارچ 2019 |
| 10 | دوسرا اسٹڈی وزٹ جس میں خیبر پشتونخواہ، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا دورہ کیا جائے گا۔ | 21 مارچ سے 20 اپریل 2019 |
| 11 | کورس کے نتائج کا تجزیہ اور اسکی رپورٹنگ و ڈاکومنٹیشن | 21 اپریل سے 04 مئی 2019 |
| 12 | کانفرنس (جسمیں تمام لرنرز اپنے نتائج شئر کریں گے) اور سرٹیفیکشن | 05 مئی سے 08 مئی 2019 |

اپنی درخواست میں صرف اپنا نام، ولدیت، عمر، جینڈر، تعلیمی قابلیت، ای میل ایڈریس، اپنے موبائل نمبرز ، مکمل پتہ بمعہ تحصیل و ضلع کا نام اور اپنا آ ئیڈیا جسمیں آپ یہ بتا ئیں گے کہ اپ اس کورس میں کیوں شامل ہونا چاہتے ہیں اور اپ سماجی تبدیلی سے متعلق کس آئیڈیا پر دوران فیلڈ پریکٹس کام کریں گے، ایک سادہ ورق پر لکھ کر ہمیں درج ذیل پتہ، واٹس ایپ یا ای میل ایڈریس پر بجھوا دیں۔
فون نمبر: 0812308064، موبائل/ واٹس ایپ نمبر: 03342382320
ای میل ایڈریس: courses@idsp.org.pk
پتہ: آئی ڈی ایس پی یونیورسٹی آف کمیونٹی ڈویلپمنٹ، نزد لیویز تھانہ، ہنہ اوڑک روڈ کوئٹہ بلوچستان